یا اللہ جل جلالک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم

AL NOOR ACADEMY

جمعیت اشاعت اہلسنت پاکستان

سیرتِ امیر المؤمنین

خلیفۂ اوّل، یارِ غار، جانشینِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سیدنا حضرت ابو بکر صدیق

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوالاً جواباً

زیرِ اہتمام: مدرسہ رضویہ والنور اکیڈمی

برائے رابطہ: +92 331 3150708

ishaateislam.org

مرکزی دفتر

نور مسجد کاغذی بازار میٹھادر نمبر 2 کراچی

فون: 021-32439799

NOORI TRUST REGD.

منجانب

جمعیت اشاعت اہلسنت پاکستان

خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

سوال 1: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نام اور کنیت کیا ہے؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نام عبد اللہ اور کنیت ابو بکر ہے۔

سوال 2: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دو مشہور القاب بتائیں؟

جواب: صدیق و عتیق

سوال 3: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو صدیق کا لقب کیوں عطا کیا گیا اور اس کے کیا معنٰی ہیں؟

جواب: صدیق کا معنٰی ہے "بہت زیادہ سچ بولنے والا"

واقعہ معراج کی سب سے پہلے تصدیق کرنے کی وجہ سے حضور اکرم ﷺ نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو "صدیق" کا لقب عطا فرمایا۔

سوال 4: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو عتیق کا لقب کیوں عطا کیا گیا اور اس کے کیا معنٰی ہیں؟

جواب: عتیق کے معنٰی ہیں "آزاد"

حضور ﷺ نے آپ کو بشارت دیتے ہوئے ارشاد فرمایا

اَنْتَ عَتِیقُ اللّٰہِ مِنَ النَّارِ

آپ اللہ کی طرف سے آگ سے آزاد شدہ ہو۔

اس وجہ سے آپ کا لقب عتیق ہوا۔

سوال 5: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ عام الفیل کے تقریباً ڈھائی سال بعد مکہ شریف میں پیدا ہوئے۔

سوال 6: مردوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے کون تھے؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

سوال 7: اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صداقت اور ایمان کی تصدیق کس طرح فرمائی؟

جواب: اللہ عزوجل نے قرآن مجید میں فرمایا

وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓىٕكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ

ترجمہ: اور وہ جو سچ لے کر تشریف لائے اور وہ جنہوں نے ان کی تصدیق کی، یہی ڈرنے والے ہیں۔

(پارہ 24، سورۃ الزمر، آیت نمبر 33)

اس آیت میں الَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ سے مراد حضور ﷺ ہیں جو سچائی لانے والے ہیں اور وَصَدَّقَ بِهٖ سے مراد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

سوال 8: وہ کون سے جلیل القدر صحابی ہیں جن کی چار پشتیں صحابی ہیں؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

آپ خود صحابی، آپ کے والد ابو قحافہ صحابی، آپ کے بیٹے عبد اللہ صحابی اور آپ کے پوتے محمد صحابی ہوئے۔

سوال 9: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کتنے سال تک خلافت پر فائز رہے؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ 2 سال 3 ماہ اور چند دن مسندِ خلافت پر رونق افروز رہے۔

سوال 10: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضور سرورِ کائنات ﷺ کے درمیان دوستی کے متعلق کچھ بتائیں؟

جواب: حضور ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اسلام سے پہلے بھی گہری دوستی تھی۔

حدیث شریف میں ہے کہ

"حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ کوئی دن ایسا نہ گزرتا تھا کہ جس میں صبح و شام رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر تشریف نہ لاتے ہوں۔"

سوال 11: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی دعوت پر کن اہم شخصیات نے اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

اور کئی اہم شخصیات نے اسلام کی دعوت قبول کی۔

سوال 12: حضور ﷺ نے جب مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ کی جانب ہجرت فرمائی تو آپ کے ساتھ کس نے ہجرت کی؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال 13: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے ہجرت کی اجازت طلب کی تو حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا:

"اے ابو بکر جلدی مت کرو! شاید اللہ عزوجل کسی کو تمہارا ہم سفر بنادے"۔

اس سے سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کو یہ امید ہوئی کہ اللہ کے پیارے رسول ﷺ ہی اُن کے ساتھ ہوں گے۔

سوال 14: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو "یارِ غار" کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: غارِ ثور میں حضور ﷺ کی خدمت کا شرف پانے کی وجہ سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو "یارِ غار" کہا جاتا ہے۔

سوال 15: غارِ ثور میں پہلے کون داخل ہوا اور غار میں جا کر کیا کیا؟

جواب: غار میں حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے، غار کو صاف کیا اور اس کے سوراخوں کو کپڑے سے بند کر دیا۔

سوال 16: غار میں صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کو کس چیز کا غم تھا؟

جواب: کافر حضور ﷺ کو ڈھونڈتے ڈھونڈتے غار تک پہنچ گئے۔ اس پر صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کو غم لاحق ہوا کہ کہیں کافر ہمیں ڈھونڈ نہ لیں۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا،

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ اللّٰهَ مَعَنَا

"غم مت کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے"

سوال 17: حضور ﷺ اور سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کتنے دن غار میں ٹھہرے؟

جواب: حضور ﷺ اپنے رفیق سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تین دن اور تین رات تک غار میں موجود رہے۔

سوال 18: غار میں حضور ﷺ اور سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کو کھانا کون پہنچاتا رہا؟

جواب: حضرت اسماء بنتِ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہما۔

سوال 19: غارِ ثور کا واقعہ قرآن مجید میں کس مقام پر ذکر ہے؟

جواب: اللہ عزوجل نے فرمایا

ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ
إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا فَأَنْزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ
وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَّمْ تَرَوْهَا

(پارہ 10، سورۃ التوبہ، آیت نمبر 40)

ترجمہ: جب وہ دونوں غار میں تھے، جب وہ اپنے ساتھی سے فرما رہے تھے: غم نہ کرو، بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ تو اللہ نے ان پر اپنی تسکین نازل فرمائی اور ایسے لشکروں سے ان کی مدد فرمائی جنہیں تم نے نہیں دیکھا۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت اس آیت سے ثابت ہے۔

سوال 20: غزوۂ تبوک کے موقع پر سامان کی قلت کے باعث حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کتنا مال پیش کیا؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر کے تمام سامان کو ایک گٹھری کی صورت میں باندھا اور لا کر حضور ﷺ کے قدموں میں رکھ دیا۔ جب حضور ﷺ نے دریافت فرمایا: اے ابو بکر! اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا ہے؟ تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! گھر والوں کو اللہ اور اس کا رسول کافی ہے۔

سوال 21: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے تقویٰ اور راہِ خدا میں مال خرچ کرنے کے متعلق اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا

وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ۝ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّى

(پارہ 30، سورۃ اللیل، آیت نمبر 17، 18)

ترجمہ: اور اس (جہنم) سے بہت دور رکھا جائے گا جو سب سے بڑا پرہیز گار ہے جو اپنا مال دیتا ہے کہ ستھرا ہو۔

سوال 22: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کتنے غلاموں کو اسلام کی خاطر آزاد کیا؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سات غلاموں کو اسلام کی خاطر آزاد کیا۔

سوال 23: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تین پسندیدہ خواہشات کیا تھیں؟

جواب: رسولِ اکرم ﷺ کے چہرۂ مبارک کا دیدار کرنا۔

اپنا سارا مال اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی راہ میں خرچ کرنا۔

آپ ﷺ کے ساتھ سفر و حضر میں رفاقت (جیسے غارِ ثور کا ساتھ) اور مزارِ مبارک (گنبدِ خضراء) میں دائمی قربت نصیب ہونا۔

سوال 24: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کتنی غزوات میں شرکت فرمائی؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تمام غزوات میں شرکت فرمائی۔

سوال 25: جب حضور ﷺ سخت بیمار ہوئے تو مسجدِ نبوی میں امام کی جگہ کس کو مقرر فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حکم دیا:

مُرُوْا اَبَا بَکْرٍ فَلْیُصَلِّ بِالنَّاسِ

ابو بکر سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔

سوال 26: انبیاء کرام اور فرشتوں کے بعد عالم میں سب سے افضل انسان کون ہیں؟

جواب: اہلِ سنت کا اس بات پر اجماع ہے کہ انبیاء کرام اور فرشتوں کے بعد تمام عالم میں سب سے افضل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، اُن کے بعد حضرت عمر، اُن کے بعد حضرت عثمان، اُن کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں۔

سوال 27: جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما سے افضل کہے اُس کے متعلق خود مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے کیا فرمایا؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"جو مجھے حضرت ابو بکر صدیق و عمر فاروق رضی اللہ عنہما سے افضل کہے تو میں اُس کو مفتری کی (بہتان لگانے والے کو دی جانے والی) سزا دوں گا۔"

سوال 28: وہ شعر بتائیں جس میں ذکر ہو کہ حضرت ابو بکر کا دشمن، حضرت علی کا دشمن ہے؟

جواب:

علی ہیں اس کے دشمن اور وہ دشمن علی کا ہے
جو دشمن عقل کا دشمن ہوا صدیق اکبر کا

سوال 29: وہ شعر بتائیں جس میں "یارِ غار" کا لقب آیا ہو؟

جواب:

بیاں ہو کس زباں سے مرتبہ صدیق اکبر کا
ہے یارِ غار محبوبِ خدا صدیق اکبر کا

سوال 30: وہ شعر بتائیں جس میں افضل البشر بعد الانبیاء کا مفہوم آیا ہو؟

جواب:

رُسل اور انبیاء کے بعد جو افضل ہو عالم سے
یہ عالم میں ہے کس کا مرتبہ صدیق اکبر کا

سوال 31: وہ شعر بتائیں جس میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے مال خرچ کرنے کا ذکر ہو؟

جواب:

لٹایا راہِ حق میں گھر کئی بار اس محبت سے
کہ لٹ لٹ کر حسنؔ گھر بن گیا صدیق اکبر کا

سوال 32: وہ شعر بتائیں جس میں قرآن مجید کے الفاظ ثانی اثنین کا ذکر آیا ہو؟

جواب:

یعنی اُس اَفْضَلُ الْخَلْقِ بَعْدَ الرُّسُل
ثانی اثنین ہجرت پہ لاکھوں سلام

سوال 33: وہ شعر بتائیں جس میں حضور ﷺ کے اہلِ بیت اور خلفائے راشدین کا ذکر ہے؟

جواب:

مولیٰ گُلبُن، رحمت زہرا، سِبطین اس کی کلیاں پھول
صدّیق و فاروق و عثماں، حیدر ہر اِک اُس کی شاخ

سوال 34: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی غارِ ثور میں حضور ﷺ کے لیے جان پیش کرنے پر اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کا کوئی شعر سنائیں؟

جواب:

صدیق بلکہ غار میں جان اس پہ دے چکے
اور حفظِ جاں تو جان فروضِ غرر کی ہے

سوال 35: حضور ﷺ کے ظاہری وصال کے بعد سب سے پہلے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کس نے کی؟

جواب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے بیعت کی۔

سوال 36: سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے بعد سب سے پہلے کس کام پر تمام صحابہ کرام نے اجماع کیا؟

جواب: سب سے پہلے جس کام پر تمام صحابہ کرام نے اجماع کیا وہ ختمِ نبوت کے منکر اور جھوٹی نبوت کے دعویدار مسیلمہ کذاب اور اس کے ماننے والوں کے خلاف جہاد تھا۔

سوال 37: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مسیلمہ کذاب کے فتنے کا خاتمہ کس طرح فرمایا؟

جواب: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مسیلمہ کذاب اور اس کے ماننے والوں کو مرتد قرار دیا، انہیں جہنم میں پہنچانے کے لیے سر دھڑ کی بازی لگادی۔

سوال 38: مسیلمہ کذاب کے خلاف جو جنگ ہوئی اُس جنگ کا نام کیا تھا؟

جواب: جنگ یمامہ۔

سوال 39: حضور ﷺ کے دور میں کتنی غزوات اور سرایا ہوئیں اور کتنے صحابہ کرام شہید ہوئے؟

جواب: حضور خاتم النبیین ﷺ کے دس سالہ مدنی دور میں غزوات اور سرایا ملا کر کل 74 جنگیں ہوئیں جن میں 259 صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہید ہوئے۔

سوال 40: جنگ یمامہ میں کتنے صحابہ کرام علیہم الرضوان شہید ہوئے؟

جواب: صرف اس ایک جنگ میں بارہ سو (1200) صحابہ شہید ہوئے، جن میں سات سو (700) حفاظ صحابہ بھی شامل ہیں۔

سوال 41: اس جنگ میں کتنے مرتد قتل کیے گئے؟

جواب: (10,000) دس ہزار مرتد قتل کیے گئے اور اسی جنگ میں مسیلمہ کذاب بھی واصلِ جہنم ہوا۔

سوال 42: مسیلمہ کذاب کو کس نے واصلِ جہنم کیا؟

جواب: حضرت وحشی رضی اللہ عنہ۔

سوال 43: صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو جامعِ قرآن کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: جب 700 حفاظ صحابہ جنگ یمامہ کے موقع پر شہید ہو گئے تو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے قرآن مجید کو جمع کرنے کے معاملے پر رائے کا اظہار کیا۔ شروع میں تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے منع فرمایا لیکن اللہ عزوجل نے آپ کو شرحِ صدر عطا فرمایا اور آپ اس عظیم کارنامے کو انجام دینے کے لیے راضی ہو گئے۔

سوال 44: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید جمع کرنے کا کام کس کے سپرد کیا؟

جواب: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا اور کمیٹی کا سربراہ بنایا، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے تحقیق کے ساتھ اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔

سوال 45: منکرینِ زکوٰۃ کے معاملے میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کیا اعلان فرمایا؟

جواب: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے دور میں منکرینِ زکوٰۃ کا ایک فتنہ پیدا ہوا، اس فتنے کے خلاف آپ نے اعلانِ جنگ فرمایا، اور آپ نے برملا فرمایا کہ اگر کوئی شخص حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دورِ مبارک میں زکوٰۃ کی مد میں دی جانے والی ایک رسی بھی دینے سے انکار کرے گا تو میں اس کے خلاف جنگ کروں گا۔

سوال 46: صدیق اکبر کا منکرینِ زکوٰۃ کے خلاف یہ اقدام کیوں ضروری تھا؟

جواب: آپ کا یہ اقدام اس لیے ضروری تھا کہ قیامت تک اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس عظیم اقدام کے ذریعے دین میں تبدیلیاں اور تحریفات ہونے سے امت کو محفوظ فرما دیا۔

سوال 47: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کتنے عرصے تک منصبِ خلافت پر فائز رہے؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت دو سال تین ماہ رہا۔

سوال 48: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال کب ہوا؟

جواب: تریسٹھ (63) سال کی عمر میں 22 جمادی الثانی 13 ہجری کو آپ نے وصال فرمایا۔

سوال 49: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے جنازے کو کہاں لے جایا گیا؟

جواب: آپ کے جنازے کو حضور ﷺ کے روضۂ اقدس کے پاس لے جایا گیا اور وہاں آپ کی تدفین کی اجازت چاہی گئی۔

سوال 50: جب جنازے کو حضور ﷺ کے روضے کے سامنے رکھا گیا تو روضۂ اقدس سے کیا آواز آئی؟

جواب: جب جنازے کو روضۂ اقدس کے سامنے رکھا گیا تو روضۂ اطہر سے آواز آئی کہ "حبیب کو حبیب سے ملا دو"۔

AL NOOR ACADEMY